لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ شوال ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ	نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبدیل و اضافہ و ترقی افسران پولیس	۱	۱۷	توسیع مدرسہ [illegible]	،،
۲	[illegible] شوکت علی صاحب [illegible]	۲	۱۸	مدرسہ [illegible]	،،
۳	خدمت [illegible]	۳	۱۹	مستقلی مدرسہ [illegible]	،،
۴	[illegible]	،،	۲۰	توسیع مدرسہ [illegible]	،،
۵	[illegible]	،،	۲۱	مدرسہ [illegible]	،،
۶	[illegible]	[illegible]	۲۲	مستقلی مدرسہ [illegible]	۴،۵
۷	[illegible]	۳	۲۳	،، [illegible]	۶
۸	[illegible]	[illegible]	۲۴	[illegible]	،،
۹	[illegible]	[illegible]	۲۵	توسیع [illegible] مدرسہ	،،
۱۰	[illegible]	۳	۲۶	مستقلی [illegible]	،،
۱۱	[illegible]	۳۴	۲۷	اضافہ [illegible]	،،
۱۲	[illegible]	۴	۲۸	[illegible]	،،
۱۳	[illegible]	،،	۲۹	تصحیح گزٹ نمبر [illegible]	،،
۱۴	اضافہ [illegible]	،،			
۱۵	توسیع مدرسہ [illegible]	۵			
۱۶	،، مدرسہ [illegible]	،،			

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

حسب تجویز نواب ولیعہد بہادر تقرر و تبدیل و ترقی و اضافہ افسران پولیس منظور ہے۔ اصل تحریر مرسلہ نواب ولیعہد بہادر برائے اجرائے احکام صاحب وزیر سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تحریر عالیجناب نواب ولیعہد صاحب بہادر

[illegible]

نے جملہ تھانہ جات پولیس کا معائنہ کیا - میری رائے میں حسب صراحت تحت
انتظام کی ضرورت ہے - سرکار دولتمدار سے زبانی عرض کر دیا ہے - آپ بھی
اجازت لیکر احکام جاری کرا دیجے -

(۱) شرف الدین خان انسپکٹر شہر بجائے فدا علیخان انسپکٹر حلقہ کی
جگہ تبدیل ہوں - تنخواہ اپنی موجودہ پاوینگے - ہیڈکوارٹر انکا ملک پور
ہوگا - اپنے حلقہ کے تھانوں کا معائنہ کرتے رہینگے - اور نگرانی رکھینگے
چھ ماہ کے اندر انکے متعلقہ تھانوں کا انتظام ٹھیک ہونا چاہئے -

(۲) فدا علیخان انسپکٹر حلقہ بجائے انسپکٹر شہر تبدیل ہوں - مبلغ پندرہ روپیہ
جو الاونس علاقہ کے متعلق ملتا ہے وہ شامل تنخواہ کیا جاوے - اور
کوتوالی کا الاونس دس روپیہ ماہوار مزید پاوینگے -

(۳) مرزا احمد علی بیگ سب انسپکٹر انچارج کوتوالی - تھانہ بلاسپور کی انچارجی پر
تبدیل ہو -

(۴) خانصاحب سعادت علیخان سب انسپکٹر ملک کوتوالی میں انچارجی پر تبدیل ہوں
پانچ روپیہ انکی تنخواہ میں اضافہ کیا جاوے - اور الاونس جو احمد علی بیگ
پاتے تھے وہ یہ پاوینگے -

(۵) غلام محی الدین خان سب انسپکٹر انچارج بلاسپور انچارجی ملک پر تبدیل ہوں -

(۶) شبیر حسین سب انسپکٹر انچارج گنج بوجہ عام شکایت بہ تنزل پانچ روپیہ
ماہوار کیمری کی انچارجی پر تبدیل ہو -

(۷) شرف الدین خان سب انسپکٹر انچارج شاہ آباد - تھانہ گنج کی انچارجی پر
تبدیل ہو -

(۸) اشفاق النبی خان انچارج کیمری - انچارجی شاہ آباد پر تبدیل ہو -

(۹) کلب حسن خان انچارج سب انسپکٹر حوالی شہر کی انچارجی توڑ دیجاوے -
انکی عام شکایت ہے - اور شیٹ رول خراب ہے - کوتوالی میں تعینات ہوں

(۱۰) امجد علیخان سب انسپکٹر انچارج سوار انچارجی حوالی شہر پر تبدیل ہو -

(۱۱) سید واحد علی فالتو سب انسپکٹر کوتوالی انچارجی ٹوانی پر تبدیل ہو -

(۱۲) علی جواد سب انسپکٹر انچارج ٹوانی سوار کی انچارجی پر تبدیل ہو -
فالتو سب انسپکٹران کو صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس اندر میعاد چھ ماہ کے
پولیس کا کام نہایت اسلوبی سے سکھا کر انکی مفصل رپورٹ دیں - اسمیں جو
جو نااہل ثابت ہوں انکی برخاستگی کی رپورٹ دیجاوے -

(۱۳) حسین خان سب انسپکٹر فالتو متعینہ گنج کا بوجہ خرابی شیٹ رول پانچ روپیہ
تنزل کیا جاوے اور انسے خفیہ پولیس کا کام لیا جاوے - بحالت ہیڈ کانسٹبلی
تعلق گنج میں رہیگا -

(۱۴) سمیع اللہ خان سب انسپکٹر خفیہ بوجہ عدم ضرورت اور نیز نہ ہونے کوئی کارروائی
اچھی کے اسے برخاست کیا جاوے - انکے متعلق دوسری شکایتیں بھی سنی
گئی ہیں -

(۱۵) رتن لال خزانچی پولیس شرابی اور بدچلن ہے - برخاست کیا جاوے - انکی
بجائے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دوسرا انتظام کریں

(۱۶) سید ضامن علی سب انسپکٹر سررشتہ کورٹ کا کام اچھا ہے انکو پانچ روپیہ
ماہوار اضافہ دیا جاوے -

وزیر علیخان کورٹ انسپکٹر جو نہایت نیک اور شریف آدمی ہیں - مگر وہ
کورٹ انسپکٹری کے کام کے اہل نہیں ہیں - انکو واقفیت حاصل کرنیکی طرف
پوری کوشش کرنا چاہئے - ۱۲ر اپریل ۱۹۲۷ء

دستخط عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام ضابطہ فوراً جاری ہوں - صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دوسرا آدمی
خزانچی گیری کے لئے تجویز کرکے جلد رپورٹ کریں - ۱۵ر اپریل ۱۹۲۷ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

الاونس

۱۲ر اپریل ۱۹۲۷ء

مثل تحریر عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم در بارہ تقرر پندرہ روپیہ
الاونس منشی شوکت علیخان پیشکار اجلاس بوجہ حسن انجام دہی خدمات متعلقہ
و نیز انجام دہی خدمات متفرق ہیڈ پارٹمنٹ و محنت لیاقت بحاضری
دس بجے شب تک بستعدی -

حکم

منشی شوکت علیخان پیشکار نواب ولیعہد بہادر کے پاس متفرق کام زیادہ ہے
لہذا حسب تجویز نواب ولیعہد بہادر شوکت علیخان پیشکار کا مبلغ پندرہ روپیہ ماہوار
الاونس اجلاس ہمایون سے منظور کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت راج بہاری لال سب اوورسیر خاص باغ از ۱۶ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء تا ۲۰ ر مئی سنہ الیہ بوجہ شادی ہمشیرہ خود۔

حکم

بموجب رپورٹ راج بہاری لال سب اوورسیر کی رخصت من ابتدا ۱۶ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء لغایت ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء منظور رہی۔ احکام جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یک ماہ صاحب سپرنٹنڈنٹ جنگی از ۲۰ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء بوجہ جانے لاہور و علیگڈھ بنابر شرکت امتحان۔

حکم

یک ماہ کی رخصت رعایتی بموجب رپورٹ منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۶ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بنظر مصالح انتظامی مفصلۂ ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں۔

۱- صیغۂ پولیس نواب ولیعہد بہادر کے سپرد کیا جاتا ہے- صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس براہ راست نواب ولیعہد بہادر سے حکم حاصل کرینگے۔

۲- محکمۂ آبکاری- تعمیرات- روشنی برقی- اور مویشی خانہ جات وغیرہ کے متعلق کاغذات صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت بجائے اجلاس ہمایون کے آیندہ اجلاس نواب ولیعہد بہادر میں بھیجا کرینگے وہانسے حکم آخر صادر ہوگا۔

۳- زمرہ ہائے فوج کا معائنہ نواب ولیعہد بہادر وقتاً فوقتاً کرینگے- اور اپنی تجویز بارگاہ دولت و اقبال کے حضور میں پیش کرینگے اور اسپر خاص توجہ کیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں- اور روبکار درج گزٹ کیا جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۶ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بسلسلۂ روبکار مورخہ منظور کیا جاتا ہے کہ صیغۂ انہار کے کاغذات صاحب سکریٹری بہادر انہار و میونسپلٹی کے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بجائے اجلاس ہمایون کے آیندہ اجلاس نواب ولیعہد بہادر میں بھیجا کریں۔ وہانسے حکم آخر ہوگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں- اور روبکار درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نمبر الاونس

۱۸ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نسبت استحقاق پانے یا نہ پانے مبلغ بیس روپیہ ماہوار الاونس منشی مشتاق حسن خان پیشکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر کو بصلۂ انجام دہی کام صیغۂ پولیس انکو ملتا تھا- بوجہ تبدیلی متعلق صیغۂ پولیس از صاحب ممدوح۔

حکم

آیندہ سے شوکت علیخان پیشکار اجلاس یہ الاونس پائیگا- صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں- ۱۰ ر اپریل تک مشتاق حسن خان پیشکار کو یہ الاونس دیا جائیگا اور ۱۸ ر اپریل سے شوکت علیخان یہ الاونس پائیگا- درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۹ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

چونکہ مقدمات متعلقۂ آبکاری اضلاع وغیرہ میں ابتدائی عدالت کے فیصلہ

نگرانی ہمارے اجلاس مین ہوتی ہے - لہذا اسی سلسلہ مین جو مقدمات دفعہ ۱۸۸ تعزیرات جو نسبت مجرمان خفیہ فروشان کے متعلق ہون انکی نگرانی عدالتہائے فوجداری کی ہمارے یہان پیش ہوا کرے - لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا براے اطلاع عام درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۱ اپریل ۱۹۲۶ء

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد صاحب بہادر بالقابہ سے واضح ہوا کہ ۹ اپریل سنہ حال کو جناب ممدوح جب تحصیل ملک کو تشریف لیگئے تھے تو تحصیلدار و نائب تحصیلدار اور نیز جمعدار بلکہ کوئی با وقعت اہلکار تحصیل مین موجود نہ تھا - جسپر جواب انکا نہ تحصیلدار صاحب ملک سے دریافت کیا گیا ہے - لیکن یہ طریقہ نہایت نامناسب ہے کہ تحصیل بالکل خالی رہے اور کوئی اہلکار تحصیل مین موجود نہو - گو اسکے متعلق پہلے ہی احکام جاری کئے گئے ہین لیکن اب پھر تاکیدًا لکھا جاتا ہے کہ تعطیل یا غیر تعطیل مین تحصیلدار یا نائب تحصیلدار دونون سے تحصیل خالی نہو - ایک اہلکار تحصیلدار یا نائب تحصیلدار عموماً تحصیل پر ضرور رہا کرین - اگر آیندہ ایسی شکایت معلوم ہوئی کہ تحصیل اہلکاران سے بالکل خالی معلوم ہوئی تو سخت مواخذہ کیا جائیگا -

حکم ہوا کہ

جملہ تحصیلداران کو باجراے حکم براے تعمیل اطلاع دیجاے - ایک نقل روبکار درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر متعلق عرائض

۳۰ مارچ ۱۹۲۶ء

مثل عرضی بھوانی شنکر و رتن لال عرائض نویسان بدرخواست صدور حکم ممانعت تحریر عرائض وغیرہ نسبت اشخاص غیر سند یافتہ بوجہ حق تلفی خود -

حکم

درخواست ملاحظہ ہوئی چونکہ فیس داخل ہونے پر سند عرائض نویسی دیجاتی ہے لہذا عدالتونکو اسطرف توجہ کی ضرورت ہے - اگر کوئی درخواست کسی غیر قلم کی بجز عرائض نویسان کے لکھی ہوئی پیش ہو تو اسپر عرائض نویس کی تصدیق کرالیجایا کرے - وہ اشخاص جو خود اپنی عرضی لکھ سکتے ہین یا کسی مقدمہ مین کوئی وکیل اپنے موکل کی طرف سے کوئی درخواست پیش کرے تو ایسین کسی عرائض نویس کے دستخطون کی ضرورت نہین ہے - حکم ہے کہ درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۶ اپریل ۱۹۲۶ء

سراج احمد خان مدرس اجیت پور پرگنہ حضور تحصیل اپر پرائمری اور منشی و منشی عالم پنجاب پاس ہے - بوقت اجراے اسکیم جدید مدرس کا کام خراب تھا اسلئے انکو اضافہ نہین دیا گیا تھا - اس مدرس کو نو روپیہ تنخواہ ملتی ہے - اور تین روپیہ ماہوار کرایہ مکان کے نام سے الاونس ملتا ہے - یہ الاونس ریاست کے کسی مدرس کو نہین ملتا اور بیقاعدہ ہے - مدرس مذکور کا کام اب بہت اچھا ہے اور وہ باعتبار مدت ملازمت درجہ سوم کی تنخواہ پانیکا مستحق ہے - لہذا سراج احمد خان کی تنخواہ مین چار روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے - اور رقم الاونس مسدود کیجاتی ہے - آیندہ مدرس مذکور کو تیرہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی اس حکم کا عملدرآمد یکم اپریل ۱۹۲۶ء سے ہوگا - احکام ضابطہ جاری ہون -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۶ اپریل ۱۹۲۶ء

کرامت علیخان مدرس مدرسہ ریوڑی تحصیل شاہ آباد کی ملازمت امتحانی مین یکم اپریل ۱۹۲۶ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا براے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

سسے کشوری لال مدرس مدرسہ کوپ تحصیل شاہ آباد کی ملازمت امتحانی مین یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

محمد الدین مدرس دوم مدرسہ گمبیر طوفان کی ملازمت امتحانی مین ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقل

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سسے تلسی رام مدرس مدرسہ ... تحصیل ... یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے مستقل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

اودگر سنگھ نائب مدرس شاہدہ کی ملازمت امتحانی مین یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس بخشش علی مدرس کھود ... پرگنہ ... تحصیل ... کی ملازمت امتحانی مین یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے ... کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقل

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سسے چھوٹے نائب مدرس بھوٹ ... تحصیل سوار یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے اپنی موجودہ تنخواہ پر مستقل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

عبد اللطیف مدرس میران پور تحصیل سوار کی مدت ملازمت امتحانی مین یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی -

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

ایوب بیگ مدرس حاجی نگر پرگنہ حضور تحصیل کی مدت ملازمت امتحانی مین ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقل

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بوجہ اچھا ہونے کام سید مصطفیٰ حسین مدرس دوم مدرسہ ... یکم اپریل سنہ ۱۹۲۷ء سے مستقل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۰ر اپریل ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بوجہ اچھا ہونے کام مبارک حسین مدرس انگریزی اور شجاعت علی مدرس دوم مدرسہ ٹانڈہ یکم اپریل ۱۹۲۶ء سے مستقل کئے گئے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۱۰ر اپریل ۱۹۲۶ء

بوجہ خرابی کام محمد شفیع مدرس انشاء پور تحصیل ٹانڈہ کا یکم اپریل ۱۹۲۶ء سے تا حکم ثانی ایک روپیہ ماہوار تنزل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ر اپریل ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے احمد شاہ خان مدرس کی ۲۰ر اپریل ۱۹۲۶ء سے مدت ملازمت امتحانی میں چھ ماہ کی توسیع کی گئی نامبردہ مدرسہ سے مدرسہ پل پختہ میں باضافہ دو روپیہ ماہوار تبدیل ہو چکا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۱ر اپریل ۱۹۲۶ء

محمد عتیق خان محرر مڈل اسکول ۱۱ر اپریل ۱۹۲۶ء سے مستقل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ر اپریل ۱۹۲۶ء

مشتملہ تحریر کنٹرولر صاحب کارخانہ جات ذاتی خاص دربارہ اضافہ در تنخواہ محمد اللہ محرر سودیجانہ تنخواہی بارہ روپیہ بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ

حکم

دو روپیہ ماہواری اضافہ محمد اللہ خان کی تنخواہ میں منجملہ تین روپیہ بچت کے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۱۰ر اپریل ۱۹۲۶ء

امداد اللہ خان اہلمد اجلاس نے یوم ملازمت سے اسوقت تک اپنی خدمات متعلقہ بہت جانفشانی اور دیانت داری سے انجام دیئے جس سے ہم خوش ہیں۔ بصلۂ حسن خدمات تنخواہ موجودہ پر یکم اپریل سنہ حال سے مبلغ تین روپیہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

تصحیح

گزٹ نمبر ۱۴ مطبوعہ ۴ر اپریل ۱۹۲۶ء کالم ۲ سطر ۱۵ میں بجائے (ایک سال میں آٹھ سو پندرہ کاغذات کے) ایک سال میں پندرہ ہزار آٹھ سو کاغذات صحیح ہے

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا